**27-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................شبانہ بیگم

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے ساتھ ساتھ اروناچل پردیش اور سکم میں اسمبلی انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل اختتام پذیر ہو گیا۔

☆ پارلیمانی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی عمل کل سے شروع ہو رہا ہے۔

☆ BJD نے نو لوک سبھا اور اڈیشہ کی 72 اسمبلی نشستوں کے لیے امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ شیو سینا، UBT نے بھی مہاراشٹر میں عام انتخابات کے لیے 17 امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔

☆ BJP نے لوک سبھا انتخابات اور آندھرا پردیش اسمبلی انتخابات کے لیے امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔

☆ بھارت نے، دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری سے متعلق امریکہ کے بیانات پر سخت احتجاج درج دیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد اور ممبئی انڈیئنس کے درمیان کھیل جاری ہے۔

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## NOMINATIONA FIRST PHASE

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے ساتھ ساتھ دو شمالی مشرقی ریاستوں میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات

کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام پورا ہوگیا۔ بہار میں پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن ہے۔ پہلے مرحلے میں 17 ریاستوں اور چار مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں، 102 لوک سبھا سیٹوں کے ساتھ ساتھ سکم میں 32 اسمبلی حلقوں اور اروناچل پردیش میں 60 رکنی ایوان کے لیے اگلے مہینے کی 19 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ لوک سبھا کے لیے ایک مرحلے میں ہونے والے انتخابات کی ریاستوں میں تمل ناڈو، اروناچل پردیش، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، سکم، لکشدیپ، انڈومان نکوبار جزائر اور پڈوچیری شامل ہیں۔

کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی۔ نام واپس لینے کا آخری دن سنیچر ہے۔ بہار میں کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال سنیچر کے روز ہوگی اور اگلے مہینے کی دو تاریخ تک نام واپس لیا جا سکتا ہے۔ البتہ، بہار میں 19 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔×

## NOMINATION FILING

ملک بھر میں بہت سے سرکردہ امیدواروں نے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں آج آخری دن اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔

سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج مہاراشٹر میں ناگپور لوک سبھا حلقے سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔

تریپورہ میں، تریپورہ مغربی لوک سبھا حلقے سے BJP کے امیدوار بپلب کمار دیب اور ان کے کانگریس کے قریب ترین حریف آشیش ساہا نے، اگرتلہ میں اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔

مدھیہ پردیش میں آخری دن، BJP اور کانگریس سمیت تمام بڑی پارٹیوں کے سرکردہ امیدواروں نے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔

VC-Dharmendra

جموں وکشمیر میں، ادھم پور لوک سبھا حلقے سے آٹھ امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ اِس حلقے میں پہلے مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

آسام میں، 38 امیدوروں نے پہلے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔ اس مرحلے میں پانچ نشستوں پر انتخاب ہوں گے۔ ریاست میں تین مرحلوں میں لوک سبھا انتخاب ہوں گے۔ آج BJP کے رکن قانون ساز اسمبلی بیہالی رنجیت دتہ نے سونت پور سیٹ سے جبکہ BJP کے رکن پارلیمنٹ Topon کمار گگوئی نے جور ہاٹ سیٹ سے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔ کانگریس لیڈر ادے شنکر ہزاریکا نے بھی لکھیم پور سیٹ سے کاغذات نامزدگی

داخل کیے ہیں۔

سکم میں کارگزار ریاستی وزیراعلیٰ اور حکمراں سکم کرانتی کاری مورچہ کے لیڈر پریم سنگھ تمانگ اور سابق وزیراعلیٰ نیز سکم ڈیموکریٹک فرنٹ کے لیڈر پون کمار چملنگ نے ریاستی اسمبلی انتخابات کے لیے آج اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔

سرکردہ امیدواروں میں BJP کے امیدوار سشیل کمار سنگھ اورنگ آباد سے اور نوادا سے RJD کے امیدوار سرون کمار کشواہا نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔ NDA ہندوستانی عوام مورچہ لیڈر جتن رام مانجھی گیا سے جبکہ BJP کے امیدوار وویک ٹھاکر نوادا لوک سبھا سیٹ سے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔ لوک جن شکتی پارٹی (رام وِلاس) کے امیدوار ارون بھارتی بھی جموئی حلقے سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔ گرینڈ الائنس میں پہلے مرحلے کے لیے امیدواروں کا ابھی باقاعدہ اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ RJD کے امیدوار کمار سروجیت، ارچنا روی داس اور ابھئے کشواہا ، جنہیں RJD کے صدر لالو پرساد سے پارٹی کا نشان حاصل ہوا ہے، توقع ہے کہ وہ گیا، جموئی اور اورنگ آباد پارلیمانی حلقوں سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔

دھرمیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں محمد اعظم خان

## 2ND PHASE NOTIFICATION

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے نوٹیفکیشن کل جاری کیا جائے گا۔ 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 88 لوک سبھا نشستوں کے ساتھ ساتھ اِس مرحلے میں آؤٹ منی پور لوک سبھا حلقے کے باقی ماندہ حصے میں انتخابات ہوں گے۔ آؤٹر منی پور حلقے کا ایک حصے میں پہلے مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

کیرالہ کی 20 سیٹوں، کرناٹک کی 14 سیٹوں، 13 سیٹیں راجستھان میں، اتر پردیش اور مہاراشٹر میں سے ہر ایک میں آٹھ آٹھ نشستوں، مدھیہ پردیش کی سات سیٹوں، آسام اور بہار میں سے ہر ایک کی پانچ سیٹوں، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں سے ہر ایک کی تین تین سیٹوں، منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر میں سے ہر ایک میں ایک ایک سیٹ پر اس مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

کاغذات نامزدگی 4 اپریل تک داخل کیے جا سکتے ہیں۔ اِس مرحلے کے لیے ووٹنگ 26 اپریل کو ہوگی۔ جموں وکشمیر کے علاوہ تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال پانچ اپریل کو کی جائے گی۔ جموں وکشمیر میں کاغذات کی جانچ پڑتال چھ اپریل کو کی جائے گی۔×

**ODISHA BJD**

بیجو جنتا دل BJD نے آج، آئندہ ہونے والے لوک سبھا اور اسمبلی انتخابی کے لیے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ BJD کے صدر اور اڈیشہ کے وزیراعلیٰ نوین پٹنائک نے ریاست میں 21 لوک سبھا سیٹوں میں سے 9 نشستوں کے لیے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔ اڈیشہ کے وزیراعلیٰ، Ganjam ضلع کے Hinjili اسمبلی حلقے سے انتخاب لڑیں گے۔ BJD نے اپنے جنرل سکریٹری (تنظیم) پرنب پرکاش داس کو سمبل پور لوک سبھا سیٹ سے میدان میں اتارا ہے جہاں وہ مرکزی وزیر اور BJP کے امیدوار دھرمیندر پردھان کے خلاف انتخاب لڑیں گے۔ BJD نے اڈیشہ میں 147 اسمبلی سیٹوں کے لیے 72 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔

اڈیشہ میں لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات، عام انتخابات کے چوتھے، پانچویں، چھٹے اور ساتویں مرحلے میں ایک ساتھ ہوں گے۔x

**SEV SENA BUT LIST**

شیو سینا UBT نے مہاراشٹر میں لوک سبھا انتخابات کے لیے 17 امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے اپنے موجودہ رکن پارلیمنٹ اروند ساونت کو جنوبی ممبئی، راجن وِچارے کو تھانے ویناٸک راوت کو رتناگیری-سندھ دُرگ، عثمان آباد سے اوم پرکاش نمبالکر اور پربھنی سے سنجے جادو کو دوبارہ انتخاب لڑنے کا موقع دیا ہے۔ البتہ اس کے اتحادی شریک کانگریس نے ممبئی کے کچھ حلقوں اور سانگلی سیٹ سے امیدواروں کے اعلان پر ناخوشی کا اظہار کیا ہے۔x

**BJP LS LIST**

BJP نے آج لوک سبھا انتخابات 2024 کیلئے امیداوروں کی ساتویں فہرست جاری کی۔ آزاد پارلیمانی رکن نوینت رانا، مہاراشٹر میں امراوتی پارلیمانی حلقے سے BJP کے امیدوار ہوں گے، جبکہ BJP لیڈر گووند کرجول، کرناٹک میں چِتر دُرگا لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی، کرنال اسمبلی سیٹ پر ضمنی چناؤ لڑیں گے۔ پارٹی نے آندھرا پردیش اسمبلی انتخابات کیلئے 10 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی رہنما وائی۔ ایس چودھری، وجے واڑہ اسمبلی حلقے سے جبکہ پی وِشنو کمار راجو کوشمالی وشاکھاپٹنم سیٹ سے امیدوار کھڑا کیا گیا ہے۔ x

**ECI SUPRIYA-GHOSH**

انتخابی کمیشن نے آج BJP کے رکن پارلیمنٹ دلیپ گھوش اور کانگریس لیڈر سُپر یا سرینیت کو ان کے مبینہ قابل اعتراض بیانات کے لیے وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیے ہیں۔ جناب گھوش کو یہ نوٹس، مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ ممتا بینرجی کے خلاف ان کے بیانات کے لیے جاری کیا گیا ہے۔کمیشن نے کہا کہ بیان جارہانہ، اہانت آمیز اور ماڈل ضابطۂ اخلاق کی گنجائشوں اور کمیشن کی ایڈوازری کی خلاف ورزی ہے۔ BJP کی لوک سبھا کی امیدوار کنگنا رنوت کے خلاف محترمہ سری نیت کے بیان کے لیے اپنے نوٹس میں، انتخابی کمیشن نے کہا کہ کانگریس کے لیڈر کا بیان نازیبا، غیراخلاقی اور ماڈل ضابطہ اخلاق کی گنجائشوں کی خلاف ورزی ہے۔کمیشن نے دونوں لیڈروں سے اپنا جواب جمعہ تک داخل کرنے کے لیے کہا ہے۔

اِس سے قبل TMC نے دلیپ گھوش کے خلاف ان کے بیان کے لیے ایک شکایت درج کی تھی، جبکہ BJP نے کنگنا رنوت کے خلاف سوشل میڈیا پر کانگریس لیڈر کے بیان کے خلاف انتخابی کمیشن سے رجوع کیا تھا۔×

**BJP JOIN**

عام آدمی پارٹی کے اکیلے لوک سبھا کے ممبر اور جالندھر کے رکن پارلیمنٹ سشیل کمار رِنکو اور پارٹی کے رکن قانون ساز اسمبلی شیتل Angural، آج نئی دلی میں پارٹی کے ہیڈکوارٹر میں BJP میں شامل ہو گئے۔ انہوں نے پارٹی کے جنرل سکریٹری ونود Tawde کی موجودگی میں BJP میں شمولیت اختیار کی۔ اِس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے جناب رِنکو نے الزام لگایا کہ جالندھر کے عوام سے انہوں نے جو وعدے کیے تھے وہ پورے نہیں کیے جا سکے کیونکہ عاپ پارٹی نے اُن کی مدد نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے کام کرنے کے انداز سے بہت متاثر ہیں۔×

**J&K ANURAG THAKUR**

مرکزی وزیر اور BJP کے لیڈر انوراگ ٹھاکر نے کہا ہے کہ دفعہ 370 اور 35A کو منسوخ کر کے نریندر مودی حکومت نے جموں وکشمیر کی ترقی کے راستے کھول دیئے ہیں۔ جناب ٹھاکر آج جموں کے Jhajjar Kotli میں صحافیوں سے بات چیت بات کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ NDA حکومت کے دوران گذشتہ دس سالوں میں جموں وکشمیر کے ہر شعبہ میں غیرمعمولی ترقی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ جناب ٹھاکر نے کہا کہ جموں وکشمیر میں امن و قانون کی مجموعی صورتحال میں بہتری کے بعد مسلح افواج اور خصوصی فورسز کی ضرورت میں کمی ہوئی ہے۔×

## PM GARBA

وزیر اعظم نریندر مودی نے گربا رقص کی عالمی مقبولیت میں اضافے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ گربا رقص کو کچھ عرصے پہلے یونیسکو کی Intagible ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کیا گیا تھا اور چند دن قبل پیرس میں اسے سَرٹیفکیٹ آف Inscription سے بھی نوازا گیا تھا۔
پیرس میں ایک یادگار گربا شام کا بھی انعقاد کیا گیا تھا، جس میں بڑی تعداد میں بھارتی برادری نے شرکت کی۔
وزیر اعظم نے کہا کہ گربا زندگی، ثقافت اور عقیدت کا جشن ہے اور لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لاتا ہے۔ x

## KEJRIWAL CUSTODY

آج دلی ہائی کورٹ نے دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو فوری عبوری راحت دینے سے انکار کر دیا۔ ہائی کورٹ نے ED کو اُس عذرداری پر نوٹس جاری کیا جسے وزیراعلیٰ اروند کجریوال نے دائر کیا تھا جس میں انہوں نے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کے ذریعے اپنی گرفتاری اور مبینہ شراب پالیسی گھپلے معاملے سے تعلق رکھنے والے پیسہ اینٹھنے کے معاملے میں چھ روزہ ریمانڈ کو چیلنج کیا تھا۔ وہ اِس معاملے میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی تحویل میں ہیں۔
جسٹس سبرنا کانت شرما کی بنچ نے ED کو ایک نوٹس جاری کیا جس میں اُس سے کجریوال کی عذرداری کا جواب دو اپریل تک دینے کو کہا گیا ہے۔ اِس معاملے کی اگلی سماعت 3 اپریل کو ہوگی۔
اِس سے قبل جناب کجریوال نے، اپنی گرفتاری اور ریمانڈ کو غیرقانونی قرار دیتے ہوئے، دلی ہائی کورٹ پر اپنی فوری رہائی کے لیے حکم جاری کرنے پر زور دیا تھا۔x

## MEA US

بھارت نے، دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری سے متعلق امریکی وزارت خارجہ کے ترجمان کے بیان پر سخت احتجاج درج کیا ہے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارت کو ملک میں بعض قانونی کارروائیوں کے بارے میں امریکی وزارت خارجہ کے ترجمان کے بیان پر سخت اعتراض ہے۔ اُس نے کہا کہ ملکوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ سفارتکاری میں دوسرے ممالک کی اقتدار اعلیٰ کی عزت کریں اور ان کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کریں۔ وزارت نے کہا کہ یہ ذمہ داری ہم عصر جمہوریتوں کے معاملے میں اور زیادہ ہو جاتی ہے اور دوسری صورت میں اِس کے غیرصحتمند نتائج ہو سکتے ہیں۔ وزارت خارجہ نے زور دیا کہ ملک کی قانونی کارروائیاں، آزاد عدلیہ پر مبنی

ہیں جو اصل معاملے اور بروقت نتائج کے تئیں عہد بند ہیں۔

اُس نے کہا کہ اِس ضمن میں الزام تراشی کرنا غیرضروری ہے۔ اسی دوران بھارت نے آج نئی دلی میں امریکی سفارتخانے کے مشن کے ڈپٹی چیف کو، کجریوال کی گرفتاری سے متعلق امریکہ کے ذریعے دیئے گئے بیان کے سلسلے میں طلب کیا ہے۔×

## J&K MUGHAL ROAD

جموں و کشمیر میں، جموں ڈویژن کے راجوری اور پونچھ کے دونوں سرحدی اضلاع کو، کشمیر ڈویژن میں سوپیاں ضلعے سے منسلک کرنے والی متبادل قومی شاہراہ 'مغل روڈ' اِس مہینے کے اختتام تک کھل جائے گی۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ میکینکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ، MED نے مارچ کے پہلے ہفتے میں برف صاف کرنے کا کام شروع کیا تھا اور یہ کام تیزی کے ساتھ جاری ہے۔ پونچھ کے نائب کمیشنر یاسین چودھری نے کہا کہ اِسے گاڑیوں کے آمد و رفت کے لیے اس مہینے کے اختتام تک فعال کر دیا جائے گا۔ اِس سڑک کو برفباری کے بعد بند ہو جانے کی وجہ سے چار ماہ قبل آمد و رفت کے لیے بند کر دیا گیا تھا۔×

## JAISHANKAR MALAYSIA

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کوالالمپور میں ملیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وزیر اعظم، ابراہیم کا روایتی اور نئے دور کے شعبوں میں بھارت-ملیشیا تعلقات میں مزید استحکام کا ویژن، دونوں ملکوں کے تعلقات کے تئیں مزید امنگوں والے ایجنڈے کی تشکیل میں مددگار ثابت ہوگا۔

انھوں نے مزید کہا کہ وہ ملیشیا کے وزیر اعظم کی رہنمائی اور علاقائی ترقی سے متعلق ان کی بصیرت انگیزی سے مستفید ہوئے ہیں۔ وزیر خارجہ نے ملیشیا کے اپنے ہم منصب محمد حاجی حسن سے بھی ملاقات کی۔ دونوں وزراء نے سیاسی، اقتصادی، دفاع، ڈیجیٹل، اسٹارٹ اپ، قونصلر اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے میں اضافے پر نظریات کا تبادلہ کیا۔

دونوں وزراء نے علاقائی، بھارت- بحر الکاہل، مغربی ایشیا اور یوکرین سے متعلق اپنا اپنا نقطۂ نظر پیش کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کوالالمپور میں بھارتی برادری سے بھی بات چیت کی۔ x

## UKRAIN FM VISIT

یوکرین کے وزیر خارجہ Dmytro Kuleba، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے دعوت نامے پر بھارت کے دو دن کے دورے پر کل نئی دلّی پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب Kuleba، وزیر خارجہ اور قومی سلامتی کے نائب مشیر کے ساتھ میٹنگوں سمیت دیگر کئی مصروفیات میں شامل ہوں گے۔ وزیر خارجہ کے ایک بیان کے مطابق دونوں وزراء، دو طرفہ شراکت داری اور باہمی مفاہمت کے علاقائی اور عالمی معاملات پر تعاون کے بارے میں تبادلۂ خیال کریں گے۔ توقع ہے کہ یوکرین کے وزیر خارجہ کاروباری برادری سے بھی بات چیت کریں گے۔ x

## BALTIMORE BRIDGE HOTLINE

امریکی صدر جوبائیڈن نے Dali بحری جہاز پر سوار بھارتیہ عملے کے چوکس رویے کی تعریف کی ہے۔ یہ جہاز، کل میری لینڈ کے Baltimore میں فرانسس سکاٹ Key پُل کے ایک ستون سے ٹکرا گیا تھا لیکن عملے کے فوری طور پر ریڈیو پیغام جاری کرنے کے سبب مزید نقصان ہونے سے بچا لیا گیا۔ جناب بائیڈن نے حادثے کے دوران مقامی حکام کی جانب سے فوری کارروائی کی بھی ستائش کی۔ اس دوران واشنگٹن میں بھارتیہ سفارتخانے نے اس افسوسناک حادثے کیلئے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور ایک Hotline قائم کی ہے تاکہ اس حادثے سے متاثر ہونے والے کوئی بھی بھارتی شہری مدد کیلئے رابطہ قائم کرسکے۔ x

## IPL

IPL کرکٹ میں اِس وقت حیدر آباد میں سن رائزرس حیدر آباد اور ممبئی انڈینس کے درمیان میچ جاری ہے۔ ممبئی انڈینس نے آج ٹاس جیت کر سن رائزرس حیدرآباد سے بلے بازی کرنے کو کہا۔

سن رائزرس حیدرآباد نے ممبئی انڈینس کی جیت کے لیے مقررہ 20 اوورز میں 278 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

دونوں ٹیمیں، اِس ٹورنامنٹ میں اپنی پہلی جیت حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ کل چنئی میں موجودہ چمپئن چنئی سُپر کنگس نے گجرات ٹائیٹنس کو 63 رن ہرا دیا تھا۔ x

## SECOND PHASE NOTIFICATION

لوک سبھا انتخاب کے دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن، کل جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلے میں اگلے مہینے کی 26 تاریخ کو 13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی نواسی سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 4 اپریل ہے۔ سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں جموں وکشمیر کو چھوڑ کر کاغذات کی

جانچ پڑتال 5 اپریل کو کی جائے گی۔

جموں و کشمیر میں کاغذات کی جانچ پڑتال 6 اپریل کو کی جائے گی۔ x

## BJP UDHAMPUR NOMINATION

جموں و کشمیر میں، عام انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے ادھم پور لوک سبھا حلقے سے آج آٹھ امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کی ہے۔ یہاں 19 اپریل کو انتخاب ہوں گے۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ آزاد امیدوار مہراج دین اور راشٹریہ کرانتی کاری سماج وادی پارٹی کے راجیش من چندا سمیت انڈین نیشنل کانگریس کے چودھری لال سنگھ، انڈین نیشنل کانگریس کے دیویا سورج پرتاپ سنگھ، انقلاب وکاس دل IVD کے سچن گپتا، ایکم سناتن بھارت دل کے منوج کمار، جے اینڈ کے نیشنل پینتھرس پارٹی کے بلوان سنگھ اور آزاد امیدوار پنکج شرما سمی نے آج ریٹرننگ آفیسر کے دفتر میں اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔

آج آٹھ امیدواروں کے ذریعے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کے ساتھ ہی 4 -ادھم پور، PC کے لیے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کرنے والوں کی مجموعی تعداد 15 ہوگئی ہے۔

کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 28 مارچ 2024 کو دوپہر ایک بجے کی جائے گی۔ امیدوار اپنی نامزدگی سے 30 مارچ 2024 کو سہ پہر تین بجے سے قبل ریٹرننگ آفیسر کے دفتر میں دستبردار ہو سکتے ہیں۔x